https://www.studiestoday.com

برائے درجہ-10

روضة العربيه

حصہ-2



https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

ڈائرکٹر (سکنڈری ایجوکیشن)، محکمہ تعلیم، حکومت بہار سے منظور

صوبائی کونسل برائے تعلیمی تحقیق و تربیت (SCERT) بہار، پٹنہ کے تعاون سے پورے صوبہ بہار کے لئے

© بہار اسٹیٹ ٹکسٹ بک پبلشنگ کارپوریشن، لمیٹڈ، پٹنہ

پہلی اشاعت: 2014-15 5,000

قیمت Rs. 25.00

:- شائع کردہ :-

بہار اسٹیٹ ٹکسٹ بک پبلشنگ کارپوریشن لمیٹڈ، پٹنہ

پاٹھیہ پستک بھون، بدھ مارگ، پٹنہ-800001

مطبوعہ: گنگا آفسٹ پریس، سبزی باغ، پٹنہ-800004

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

پیش لفظ

محکمۂ تعلیم، حکومت بہار کے فیصلے کی روشنی میں اپریل 2013 سے صوبہ کے درجہ IX اور X کے لئے اختیاری مضامین (Optional Paper) کا نصاب لاگو کیا گیا ہے۔ اسی کے تحت S.C.E.R.T بہار، پٹنہ کی جانب سے تیار کردہ حاضر خدمت کتاب، ٹکسٹ بک کارپوریشن، سرورق کی ڈیزائننگ کر شائع کرنے جا رہا ہے۔

صوبۂ بہار میں معیاری اسکولی تعلیم کے لئے، معزز وزیر اعلیٰ بہار شری جیتن رام مانجھی، معزز وزیر تعلیم شری برشن پٹیل اور محکمۂ تعلیم کے پرنسپل سکریٹری جناب آر۔ کے۔ مہاجن کی رہنمائی کے لئے ٹکسٹ بک کارپوریشن تہہ دل سے شکر گزار ہے۔ S.C.E.R.T. بہار، پٹنہ کے بھی ہم ممنون و مشکور ہیں جن کا تعاون ہمیں ملا۔

بہار اسٹیٹ ٹکسٹ بک پبلشنگ کارپوریشن، طلبہ، سرپرستوں، معلموں، نیز ماہرین تعلیم کے تبصروں اور مشوروں کا ہمیشہ خیر مقدم کرے گا۔ تاکہ صوبہ کو ملک کے تعلیمی شعبہ میں بلند مقام حاصل ہو سکے۔

جے۔ کے۔ پی۔ سنگھ I.R.P.S.

مینیجنگ ڈائرکٹر

بہار اسٹیٹ ٹکسٹ بک پبلشنگ کارپوریشن، لمیٹڈ

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

اپنی بات

قومی تعلیمی پالیسی 1986 میں مذکور بچوں کی تعلیم کے بنیادی نکتے (ایک ایسے نظام تعلیم کو فروغ دیا جائے جس سے بچوں کو بنیادی معلومات حاصل ہو) کی جانب مزید پیش رفت کرتے ہوئے حکومت بہار کا تعلیمی منصوبوں کو بروئے کار لانے اور ان کو عملی جامہ پہنانے کا عمل ایس سی ای آر ٹی کے ذریعہ کیا جا رہا ہے، اس میں عربی زبان کو عام کرنے اور اس کی تعلیم کو ہر سطح پر پھیلانے کا کام بھی شامل ہے۔

زیر نظر کتاب انہیں کوششوں کی ایک کڑی ہے جس میں ان طلباء کو بطور خاص پیش نظر رکھا گیا ہے جو درجہ چھ سے عربی نہ رکھ کر درج نویں اور دسویں میں بطور اختیاری مضمون عربی رکھنا چاہتے ہیں۔

ایسے طلبا کیلئے معاون درسی کتاب کا ہونا ضروری تھا جو ان کمیوں کو پورا کرسکے جو درجہ چھ سے نہ پڑھنے کی شکل میں درپیش ہو سکتی تھیں۔

اس درسی کتاب کی تیاری میں بہار کے اہم تجربہ کار ایس سی ای آر ٹی پٹنہ کے مختلف شعبوں کے ماہرین صوبہ کے اساتذہ کرام کی آرا اور مشوروں سے استفادہ کیا گیا۔ مختلف سطحوں پر کئی ورکشاپ بھی منعقد کئے گئے۔ اور ملک کے مختلف ناشرین کی اہم مطبوعات سے استفادہ کرتے ہوئے کتاب کے مسودہ کو حتمی شکل دیا گیا۔ بچوں کی زبان، ان کے ذوق، ذہنی معیار اور دلچسپی کو ملحوظ رکھتے ہوئے اسباق کا انتخاب کیا گیا ہے تاکہ بچوں کے اندر زبان کی سمجھ اور پڑھنے کا شوق فطری طور پر پیدا ہو سکے۔

اس سلسلے میں درسیات کے ماہرین، اصحاب قلم اور تجربہ کار اساتذہ کی بے پناہ محنتوں کے بعد حاضر خدمت کتاب اس صورت میں پیش کی جا رہی ہے۔

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

ہم ان تمام اساتذہ اور اصحاب قلم کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جن کا تعاون اس کتاب کو معلومات افزا، سود بخش اور دلچسپ بنانے میں شامل رہا۔ ساتھ ہی ورکشاپ میں شامل ہونے والے دیگر تمام اساتذہ، درسیات کے ماہرین اور تجزیہ کاروں کے بھی ممنون و مشکور ہیں جن کی اجتماعی کاوشوں کے نتیجے میں کتاب کو یہ صورت دی جا سکی۔

کتاب کو مزید خوب سے خوب تر بنانے میں اساتذہ کرام، ناظرین حضرات، ماہرین تعلیم اور اصحاب قلم کے مشوروں کا ہمیں انتظار رہے گا۔

حسن وارث
ڈائرکٹر
بہار اسٹیٹ صوبائی کونسل برائے تعلیمی تحقیق و تربیت

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

کچھ اس کتاب کے بارے میں

موجودہ عہد میں ہندوستان کے عرب ممالک سے تعلقات میں وسعت کے بعد ملک میں عربی سیکھنے کا رجحان بہت بڑھا ہے۔ کیونکہ مختلف میدانوں میں تعلقات کے تنوع نے عربی زبان کے حوالے سے روزگار کے مواقع میں بے انتہا اضافہ کر دیا ہے۔ اس کے نتیجے میں اسکولوں میں بھی حکومتی سطح پر عربی کی تعلیم پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت بہار نے اپنے نئے نصاب تعلیم میں بھی عربی زبان کو شامل کر کے درجہ ششم سے اس کے مطابق ماہرین زبان نے کتابیں تیار کی ہیں؛ جو بہار کے اسکولوں میں پڑھائی جاتی رہی ہیں۔

نویں اور دسویں درجوں کے لئے عربی کی کتاب پہلے سے موجود ہے۔ لیکن حکومت نے ویسے بچوں کیلئے بھی مختلف مضامین کے لئے کتابیں تیار کرانے کا فیصلہ کیا جو سیدھے نویں یا دسویں کلاس میں ان مضامین کو اختیاری مضمون کے طور پر پڑھنا چاہتے ہیں۔ ایسے مضامین میں اب عربی زبان بھی شامل ہے۔ جس کی نویں اور دسویں کی اختیاری کتاب تیار کرنے کا منصوبہ ہے۔ گویا اس کتاب کی حیثیت طلبا کے لئے ایک پل کی ہے۔ جو سیدھے نویں یا دسویں میں عربی پڑھنا چاہیں گے۔

اس اہم کتاب کے لئے مضامین کے انتخاب میں بڑے تدبر سے کام لیا گیا ہے۔ طلبا کی طبعی عمر اور ان کی قدرتی فہم کا لحاظ کرتے ہوئے ایسے مضامین شامل درس کئے گئے ہیں جو ان کی نصابی ضرورت کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے اس ذوق اور حوصلے کی بھی آبیاری کریں گے؛ جس نے انہیں عربی پڑھنے پر آمادہ کیا۔ عربی زبان سکھانے کیلئے جدید طرز تدریس کا لحاظ کیا گیا ہے۔ قواعد کی تعلیم کے لئے بالکل حالیہ طریقہ اختیار کیا گیا

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

ہے۔ جو بے حد دلچسپ اور پرکشش ہے جس سے عربی پڑھنے کیلئے طلبا کی رغبت یقینی طور پر بڑھے گی۔ اس کتاب کی تیاری سے لیکر طباعتی مرحلے تک ایس سی ای آر ٹی کے ڈائریکٹر جناب حسن وارث صاحب کی غیر معمولی دلچسپی کا بھی بے حد دخل ہے جن کی کوششوں سے یہ کتاب سارے مراحل سے گذر کر آپ کے ہاتھوں میں پہنچ سکی۔ اس اہم کام میں ایس سی ای آر ٹی سے وابستہ اعلیٰ عہدیداران مثلاً جناب سید عبدالمعین صاحب، جناب گیان دیو منی ترپاٹھی اور جناب امتیاز احمد صاحب کا تعاون نہ ہوتا تو یہ کتاب ہرگز منظر عام پر نہیں آسکتی تھی۔ ان حضرات کی رہنمائی قدم قدم پر ہمیں حاصل رہی۔

امید قوی ہے کہ کتاب طلبا کے درمیان مقبول ہوگی اور ان کے لئے رہنما ثابت ہوگی۔ وہ اس زبان میں مہارت حاصل کر کے اپنے مستقبل کو قابل تقلید بنائیں گے۔

مرتبین

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

رہنمائی و درسی کتب ڈیولپمنٹ کوآرڈی نیشن کمیٹی

- جناب امرجیت سنہا
  پرنسپل سکریٹری محکمۂ تعلیم، بہار سرکار، پٹنہ
- جناب راہل سنگھ
  ڈائریکٹر اسٹیٹ پروجیکٹ بہار سکنڈری ایجوکیشن کونسل، پٹنہ
- جناب حسن وارث
  ڈائرکٹر ایس۔سی۔ای۔آر۔ٹی، پٹنہ
- ڈاکٹر سید عبدالمعین
  صدر شعبہ تعلیم تحقیق و ایجوکیشن اسٹیٹ کاؤنسل برائے ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، پٹنہ
- ڈاکٹر گیان دیو منی ترپاٹھی
  ممبر نصاب۔کم۔نصابی کتاب ڈیولپمنٹ کمیٹی

مرتبین

- ڈاکٹر سرور عالم ندوی (شعبہ عربی پٹنہ یونیورسٹی پٹنہ)
- ڈاکٹر حبیب الرحمٰن علیگ (صدر شعبہ عربی علامہ اقبال کالج، بہار شریف)
- مفتی محمد نافع عارفی (معہد العلوم الاسلامی، بیر سنگھ پور، دربھنگہ)

تجزیہ کار

- ڈاکٹر پروفیسر شمس الضحیٰ (سابق وائس چانسلر مولانا مظہر الحق عربی و فارسی یونیورسٹی)
- ڈاکٹر مسعود احمد کاظمی (صدر شعبہ عربی پٹنہ یونیورسٹی، پٹنہ)

کوآرڈینیٹر

- امتیاز عالم (لیکچرر ایس۔سی۔ای۔آر۔ٹی، پٹنہ)

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

فہرست

نمبر شمار	موضوع	صفحہ نمبر
1	تاريخ اللغة العربية وآدابها	11
2	فعل الامر والنهى	16
3	افعال المجرد والمزيد فيه	30
4	الحروف الناصبة والجازمة	35
5	المفاعيل الخمسة	41
6	الاسم التفضيل	46
7	حروف الاستفهام	51
8	المضاف والمضاف اليه	55
9	المعرب والمبنى	60
10	بيان غير المنصرف	70
11	الجملة الخبرية والانشائيةُ	76
12	الترجمة والانشاء	83
13	الامثال والحكم	87

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

- دارالعلوم الاسلامیہ میں داخلہ لیا۔
- اس نے لکھنے پڑھنے میں خوب محنت کی
- اس کے اساتذہ اسے بہت چاہتے تھے۔
- سالانہ امتحان میں فرسٹ پوزیشن لایا۔
- محمود نے اس سے قطع تعلق کرلیا۔
- استاذ نے محمود کو نصیحت کی۔
- محمود استاذ کی بات سے متاثر ہوا۔
- کیا تم محنت سے تعلیم حاصل کرتے ہو؟

(۳) درج ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے:

العميد ....

تكاثر ....

تكلم ....

جلّار ....

القراءة ....

استنصر ....

الامتحان السنوى ....

النجاح ....

(۴) سبق میں آئے ہوئے ثلاثی مزید فیہ کے افعال کی شناخت کرکے ان کے ماضی، مضارع اور مصدر لکھئے۔

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

الدرس –۱

تاريخ اللغة العربية وآدابها

عربی زبان دنیا کی قدیم ترین زبانوں میں سے ایک ہے جس کا سلسلہ انتساب یوں تو حضرت آدمؑ سے جوڑا جاتا ہے مگر تحقیقی طور پر یہ زبان حضرت نوحؑ کے بیٹے سام کی اولاد کی بولی سے نکلنے والی زبان ہے جو براعظم ایشیاء کے جنوب مغرب میں واقع جزیرۃ نما عرب سے پھیلی اور پھولی جو شمال میں حدود شام مشرق میں دریائے فرات، جنوب میں بحر ہند اور مغرب میں بحیرۂ احمر سے گھرا ہوا ہے، جس کو قحطانی، عدنانی، کنانی، اقوام نے اپنا مسکن بنایا انہیں میں سے کچھ تو عذاب الٰہی کا شکار ہو کر نیست و نابود ہو گئے جنھیں عرب بائدہ کہا جاتا ہے۔

اور کچھ وہ یمنی باشندے جن کا نسب قحطان سے جا کر ملتا ہے جن میں خاندان حمیر کے شاہان وذواین بھی ہیں، انھیں عرب عاربہ کہا جاتا ہے یہی اس زبان کے اصل بانی ہیں۔

اور انیسویں صدی قبل مسیح میں سرزمین حجاز پر آ کر اول اول بسنے والی حضرت اسماعیلؑ کی اولاد جس نے شاہان جرہم سے دامادی کا رشتہ جوڑا، عرب مستعربہ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ جن کا سلسلہ نسب عدنان سے جا کر ملتا ہے اور عربی نسل کا صحیح سلسلہ نسب انھیں پر ختم بھی ہوتا ہے اسی سلسلہ نسب میں ہمارے رسول اکرم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم شامل ہیں۔

جس کی زبان (یعنی عرب مستعربہ) سب سے زیادہ مستند معیاری اور قابل تقلید تھی اور انھیں کی زبان کا ساری دنیا میں چلن ہوا جن میں شعراء اور نثر نگار سب پیدا ہوئے، یہ اور بات ہے کہ شعراء کا تناسب نثر نگار کے مقابلہ بہت زیادہ تھا جس کی بنیادی وجہ تحریر کی صلاحیت سے عاری ہونا تھا۔ لکھنے کا رواج نہیں کے برابر تھا۔

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

معدودے چند افراد تھے جو لکھنا جانتے تھے لیکن اپنی تاریخ کو باقی رکھنے اور قابل فخر کارناموں کو آنے والی نسلوں و تک منتقل کرنے کے نیک جذبے نے انہیں اپنے حافظے پر ہی بھروسہ کرنے پر لا کر ٹھہرا دیا اور حافظہ میں جلدی اور زیادہ دنوں تک باقی رہنے والی چیز شاعری سے بہتر کوئی اور دوسرا طریقہ نہیں تھا۔

چارہ و ناچار انہیں شاعری کی طرف متوجہ ہونے پر مجبور ہونا پڑا اور یہی فکر و جذبہ ان کے درمیان شاعری کے عام ہونے اور پھلنے و پھولنے کا سبب ٹھہرا جس میں غزل کی شوخی بھی ہے اور فخر کی جلوہ گری بھی، مرثیہ کی دردناکی بھی ہے اور ہجو کی تلخ نوائی بھی۔ جس کے اظہار کے لئے میلہ و بازار کا انتخاب کیا جاتا اور پھر شعراء اپنے اپنے قبیلہ کی نمائندگی کرتے ہوئے اس میں اپنا کلام پیش کرتے اور صاحب سجادہ ان کے کلام کو سن کر اس پر اپنی رائے پیش کرتا جس کے نتیجہ میں کوئی مثالی شاعر قرار پاتا تو کسی کو سند استناد پیش کیا جاتا۔

عربی شاعری میں معلقات اسی قبیل کی یادگار ہے جن میں امراء القیس، عمر بن کلثوم، زہیر و بن ابی سلمیٰ، طرفہ بن العبد، لبید بن ربیعہ، عنترہ بن شداد اور حارث بن حلزہ سات ایسے شعراء ہیں جنہیں جاہلی شعراء میں امامت کے منصب پر فائز تصور کیا جاتا ہے۔

رہا نثری حصہ تو وہ سوائے خطبات، امثال و حکم اور کاہنوں کے پر پیچ کلام کے اور کوئی دوسرا نمونہ نہیں ملتا یہی عصر جاہلی کے عربی کلام کا ماحصل ہے جس کی تفصیل تاریخ ادب عربی کی مفصل کتابوں میں دیکھی جا سکتی ہے۔ جو ان کے مزاج و ماحول کا پرتو اور طبیعت و فطرت کا عکاس ہے جس میں سادگی اور صفائی، حق گوئی و بیباکی، مزاج کی تختی فطرت کی کرختگی سب کچھ شامل ہے۔ تاریخ ادب عربی میں اس عہدہ کو عہد جاہلی سے جانا جاتا ہے جس کا سلسلہ آنحضرت کی بعثت پر ختم ہو جاتا ہے۔

عہد اسلامی:

لیکن جب حضرت اقدسؐ نبی بنا کر بھیجے گئے اور آپ کے ساتھ قرآن جیسی پر اثر فکر انگیز اور فصیح و بلیغ آسمانی کتاب نازل ہوئی تو لوگوں کا ذہن شعر سے نثر کی طرف منتقل ہوا اور قرآنی اسلوب سے متاثر ہو کر لوگوں نے نثر کی طرف بھی کوششیں تیز کیں جس کے نتیجہ میں عربی نثر کو پنپنے اور پھلنے پھولنے کا موقع ملا جس میں قرآن،

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

احادیث نبوی، خطبات رسول اکرم، اور تقاریر صحابہ کرام نے نمایاں کارنامہ انجام دیا۔ لوگ اس صنف سخن کی طرف متوجہ ہوئے، نثر میں اپنی بات پیش کرنے کی کوشش کی، اس طرح اس عہد یعنی عہد اسلامی میں شعر اور نثر دونوں کو فروغ پانے اور ترقی کرنے کا خوب خوب موقع ملا۔

اس عہد کے مشہور شعراء میں حضرت حسان، حضرت کعب بن زہیر، حضرت خنساء ایسے شاعر و شاعرۃ ہیں جنہوں نے صنف شاعری کو مکمل پاکیزگی اور طہارت کے ساتھ پیش کرنے اور فروغ دینے کی کوشش کی وہیں حضرت رسول اکرم اور صحابہ کرام خصوصا حضرت عمر بن خطابؓ اور حضرت علی بن ابی طالبؓ کے علاوہ سحبان بن وائل، زیاد بن ابیہ اور حجاج بن یوسف ثقفی نے بھی خطابت سے نثری ذخیرہ کو مالا مال کر دیا اب شعر کے علاوہ نثر کی طرف بھی لوگوں کا ذہن منتقل ہونے لگا۔

یہاں تک کہ جب عہد بنو امیہ کا آغاز ہوا تو اس صنف نے مزید ترقی کی اور خطبات و مواعظ کے ساتھ ساتھ باقاعدہ انشاء پردازی نے اپنا قدم جمانا شروع کر دیا۔ جس میں عبدالحمید الکاتب کا نام سرفہرست رکھا جاسکتا ہے جس کے ذریعہ نثری کوشش تیز ہوئی اور اس سرمایہ کو فروغ حاصل ہوا۔ لیکن اس دور تک مختلف قوموں اور نسلوں کے اسلام میں داخل ہونے اور عربی زبان سے واقفیت حاصل کرنے کے جذبہ نے اہل زبان کو اس زبان کے اصول قواعد منضبط کرنے پر مجبور کر دیا تاکہ یہ زبان کسی بھی خلل اور بگاڑ سے محفوظ رہ سکے جس کے نتیجہ میں عربی زبان کے قواعد نحو اور صرف کی شکل میں وجود پذیر ہوئے جو اس عہد (یعنی عہد اموی) کی اہم یادگار ہے۔

اس عہد اور انہیں افراد تک کی زبان کو معیاری اور قابل تقلید زبان بھی قرار دیا گیا کہ اس عہد اور ان حضرات کا فرمودہ ہمارے لئے قابل تقلید ہے ان کے بعد پھر کوئی بھی ادیب و شاعر زبان و بیان اور قواعد میں اگر انہیں کا متبع و پیروکار ہے تو وہ قابل تقلید ہے ورنہ اس کی کوئی بھی ترکیب و ترتیب کسی بھی عربی زبان داں کے لئے نمونہ اور تقلید کا سبب نہیں ہوگی۔

عہد عباسی:

عہد عباسی کے قیام نے جہاں ملک و مملکت کی وسعت و پھیلاؤ میں بے مثال کارنامہ انجام دیا وہیں علوم

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

وفنون زبان وادب کے فروغ وترقی میں بھی نہایت اہم رول ادا کیا ہے اس عہد میں عربی شعر ونثر دونوں صنفوں نے بیحد ترقی کی، اسلوب وانداز بیان میں نکھار وسدھار آیا، فکر وخیال میں وسعت پیدا ہوئی، تمام اصناف سخن پر طبع آزمائی کی گئی، نثر ونظم دونوں صنفوں میں یکساں کوشش کی گئیں جس میں قوم ملل کے اختلاط اور علوم وفنون کے لین دین نے بھی بہت زیادہ اثر دکھایا، نئی نئی ترکیبیں عمدہ تعبیریں، نازک خیال، اچھوتی فکر نے عربی زبان وداب کے دامن کو بھر دیا جس میں شاعر اور ادیب دونوں نے اپنے جوہر دیکھائے۔ نثر نگاروں میں ابن المقفع اور اس کی کتاب کلیلہ ودمنہ، جاحظ اور اس کی کتاب "البیان والتبیین" اور کتاب البخلاء، ابن العمید اور صاحب عباد اس عہد کے ایسے نثر نگار ہیں جن کے اسلوب وطرز نگارش نے عرب نثر کے دامن کو لعل وگہر سے بھر دیا ہے جن کی اتباع وتقلید کو اس فن کی معراج قرار دیا جاسکتا ہے۔

وہیں شعراء میں ابونواس اور ابن اسرومی، ابوتمام اور متنبی بحتری اور ابوالعلا المعری ایسے قادر الکلام شعراء ہیں جن کی شعر گوئی نے گویا اس صنف کو بام عروج پر پہنچا دیا۔ جن کے مجموعے اور دواوین اس زبان کا سرمایہ افتخار ہیں جس میں زبان وادب کی تمام خوبیاں سمٹ کر یکجا ہوگئی ہیں۔ جس میں ادب کا کروفر بھی ہے زبان کا لعل وگہر بھی، اسلوب بیان کی شان وشوکت بھی ہے اور فکر وخیال کی عظمت ورفعت بھی۔

اسی عہد کی نثری یادگار فن مقامہ ہے جس نے عرصہ دراز تک کسی بھی صاحب علم کو اپنے اسلوب وطرز ادا کے دائرہ انحصار سے نکلنے کی سوچ پر قدغن لگا رکھی تھی کسی بھی صاحب علم کو اپنا علم وحکمت منوانے کے لئے ضروری تھا کہ وہ اس اسلوب کی اتباع کرے یہ اور بات ہے کہ زبان کے فروغ اور ترقی میں یہ اسلوب وانداز بڑی رکاوٹ بنا اور اہل علم کی نثری کوششوں سے وہ فائدہ حاصل نہیں ہوا جس کی کسی صاحب علم سے توقع کی جاسکتی ہے کیونکہ اس کا سارا زور سجع بندی اور قافیہ پیائی پر تھا معنی ومفہوم سے اس کو کوئی لگاؤ نہ تھا، ظاہر ہے اس انداز تحریر سے الفاظ کا تاج محل ضرور تیار ہوگیا مگر اس سے معنوی طور پر وہ فائدہ حاصل نہ ہوسکا جس کی کسی بھی قوم کو ضرورت ہوا کرتی ہے۔

عہد جدید:

پھر ۱۷۹۹ء میں جب مصر پر نپولین نے حملہ کیا تو اس کا حملہ جہاں بہت سارے اعتبار سے عربوں کے لئے

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

سودمند ثابت ہوا وہیں زبان وادب کے اعتبار سے بھی یہ عہد بڑا تابناک اور روشن رہا، اس عہدہ میں مغرب کے اختلاط نے فکری وفنی ہر اعتبار سے عرب کی معاونت کی، اسلوب میں سہل نگاری اور فکر میں سنجیدگی وسادگی آئی، پریس کی آمد نے علوم وفنون کے عام ہونے میں بھی بڑا اثر دکھایا اس کا اثر بھی عربی زبان وادب پر پڑا اس طرح اس عہد (یعنی عہد جدید) نے عرب شعر ونثر دونوں کیلئے فکر وعمل کا بڑا میدان لا کر کھڑا کر دیا جس کے نتیجہ میں جملہ جدید فنون مثلاً افسانہ، ناول، تنقید وغیرہ بڑے پیمانہ پر وجود پذیر ہوئے، اور یہ زبان دنیا کی کسی بھی زبان اور ادب کا مقابلہ کرنے کی مستحق ٹھہری جس میں سینکڑوں اہل قلم نے اپنی جولانی طبع سے اس کی وسعت وگہرائی اور گیرائی میں بے پایاں اضافہ کیا۔

یہ عربی زبان کی تاریخ کا نہایت مختصر خاکہ ہے جس کی تفصیل کے لئے اس زبان کی بے شمار تاریخیں مختلف زبانوں، عربی، انگریزی اور اردو میں دستیاب ہیں جس کا مطالعہ اس فن کے طالب علموں کیلئے سودمند اور نفع بخش ہو سکتا ہے۔

مشق:

(۱) عہد جاہلی میں کس صنف کا فروغ ہوا اور کیوں؟
(۲) عہد اسلامی میں نثر کے فروغ کی وجہ کیا ہے؟
(۳) سکاک کس عہد کی یادگار ہے؟
(۴) تعلیقات کا تعلق کس عہد سے ہے اور اسکے کسی مشہور شاعر کا کیا نام ہے؟
(۵) عہد جدید کس عہد سے شروع ہوا۔
(۶) نحو وصرف کیوں وجود میں آیا اور کب؟
(۷) عہد عباسی کے دو مشہور نثر نگار کا نام لکھئے۔

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

الدرس-٢

العفلُ الأمر

أُنظر	أُعبُدْ	إِضرِبْ	أُقتُلْ	قُلْ
أُنصُرْ	إِذبَحْ	إِنهَضْ	أُسجُدْ	إِركَعْ
	إِسمَعْ	أُكتُبْ	إِقرأْ	

يَـا بُنَـيَّ إِنهَـض مِـن الـنَّـومِ صَـبـاحـاً مُبكراً ـ وَاَغسِل وجهَكَ وَ اَيدِيَكَ وَاَرجُلكَ وَاذهبْ إِلى المَسجد ـ وَاُعبُدْ رَبَّكَ الَّذى خَلقكَ وَكُلْ وَاشرِب عَلىٰ إِسْمِ الـلّٰـهِ وَالبِسْ اَحسـنَ ثِيَـابِكَ وَاذهَـبْ إِلى المَدرسَةِ ، وَاجلِسْ فِى الصَّفِّ بِـالادبِ وَالـوَقـارِ لأنـه حِلْيةُ الانسَانِ ، وَاقرَأ دَرسَك وافهَمْه ثُمَّ ارجِعُوا اَيُّها الاولادُ ! إِلى بُيُوتِكُم واَخلَعُوا ثِيابَ المَدرسَةِ وَضَعُوها فِى الحُجرَةِ وَ تَوَضَّأُوا وصَلُّوا صَلاَةَ العَصرِ قَانِتِينَ لِلّٰه وَاَشرِبُوا الشَّائ فإِن الشَّائ اَلَذُّ اشرِبةٍ فَاخرُجُوا إِلَى الـمَيْـدانِ وَالـعَبُـوا مَـع اَصْـدِقَائِكُم وزُملائِكُمْ ، ثُمَّ ارجِعُلوا قَبلَ المَغرِبِ

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

وَصَلُّوا صلاةَ الـمَغرِبِ بِالجَمَاعَةِ وَاكتُبُوا فُروضَ المَدرَسَةِ وَكُلُوا وَاشرَبُوا هَنِيئاً مَرِيئاً ۔ واشكُرُوا اللهَ كَثيراً أفاعبُدُوا رَبَّكُم وَارقُدُوا عَلىٰ اِسْمِ اللهِ الى الفَجرِ عَلىٰ فِراشِكُم ۔

حل لغات :

انظر	:	تو دیکھ
اعبد	:	تو عبادت کر
اضرب	:	تو مار
اقتل	:	تو قتل کر
قل	:	تو کہہ
انصر	:	تو مدد کر
اذبح	:	تو ذبح کر
انهض	:	تو اٹھ
اسجد	:	تو سجدہ کر
ارکع	:	تو رکوع کر
اسمع	:	تو سن
اکتب	:	تو لکھ
ارجعوا	:	توسب لوٹو

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

بیوت	:	گھر (بیت کی جمع)
اخلعوا	:	تم سب لباس اتارو
ضعوا	:	تم سب رکھو
توضأوا	:	تم سب وضو کرو
صلوا	:	تم سب نماز پڑھو
قانتین	:	خاکساری اختیار کرتے ہوئے
اقرأ	:	تو پڑھ
صباحاً مبکراً	:	صبح سویرے، تڑکے
وجه	:	چہرہ
ایدی	:	ہاتھ (ید کی جمع)
ارجل	:	پاؤں (رجل کی جمع)
خلق	:	اس نے پیدا کیا
کل	:	کھاؤ
اشرب	:	تو پی
البس	:	تو پہن
ثیاب	:	کپڑا (ثوب کی جمع)
حلیة	:	زیور
افهم	:	تو سمجھ
اخرجوا	:	تم سب نکلو

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

العبوا	:	تم سب کھیلو
زملاء	:	ہمجولی، دوست (زمیل کی جمع)
فروض المدرسۃ	:	ٹاسک (ہوم ورک)
هنیئاً مریئاً	:	آسودہ ہوکر
ارقدوا	:	سوجاؤ

یادرکھنے کی باتیں

- فعل امروہ فعل ہے جس کے ذریعہ مخاطب کوکوئی کام کرنے کا حکم دیا جاتا ہے۔
- امر حاضر فعل مضارع کے حاضر کے صیغوں سے بنتا ہے اوراس کا طریقہ یہ ہے کہ:

(۱) مضارع سے علامت مضارع ''ت'' کو حذف کرکے شروع میں ہمزہ وصل لگادیا جائے اور آخر کو جزم دیا جائے۔

(۲) اگر مضارع کا عین کلمہ مضموم (پیش والا) ہوتو ہمزۂ وصل مضموم ہوگا اور اگر عین کلمہ مفتوح (زبر والا) یا مکسور (زیر والا) ہوتو ہمزۂ وصل مکسور ہوگا۔ جیسے :تنصر سے انصر ،تذہب سے اذہب

اگر علامت مضارع کے بعدوالا حرف ساکن نہ ہو بلکہ متحرک (حرکت والا) ہوتو ہمزۂ وصل کی ضرورت نہیں۔ جیسے یعد سے عد ہوگا۔

نون اعرابی امر میں ساقط ہوجائے گا۔نون ضمیر اپنی حالت پر رہے گا۔اگر آخر میں حرف علت ہوتو وہ بھی گرجائے گا۔جیسے تدعون سے ادع۔

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

گردان امر حاضر معروف

گردان	صیغہ		مذکر حاضر	معنی	کیفیت
افعل	واحد	"	"	تو ایک مرد	آخر کو جزم ہوا
افعلا	تثنیہ	"	"	تو دو مرد کرو	نون اعرابی گر گئی
افعلوا	جمع	"	"	تم سب مرد کرو	نون اعرابی گر گئی
افعلی	واحد		مؤنث حاضر	تو ایک عورت کرو	نون اعرابی گر گئی
افعلا	تثنیہ	"	"	تم دو عورتیں کرو	نون اعرابی گر گئی
افعلن	جمع	"	"	تم سب عورتیں کرو	نون ضمیر نہیں گری

مشق

(ا) درج ذیل سوالوں کے عربی میں جواب لکھیے۔

١- متى تنهض من النوم صباحاً؟

٢- اتعبد ربك ؟

٣- ماذا تفعل في الصف؟

٤- اتعلب بعد العصر ؟

٥- من يلعب معك ؟

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

٦- متی تکتب فروض المدرسة؟

٧- اتنام بعد العشاء متصلا؟

٨- ماذا تأکل فی الفطور؟

٩- متی تذهب الی المدرسة؟

(۴) عربی میں ترجمہ کیجیے۔

- حامد صبح سویرے ہاتھ منہ دھو!
- صاف ستھرے کپڑے پہن۔
- بازار جا اور سبزیاں لا۔
- دوپہر میں تھوڑی دیر سو جا
- عصر سے مغرب تک اپنے دوستوں کے ساتھ کھیل
- مغرب کے بعد اپنے ہوم ورک کر
- اپنے اسباق یاد کر
- پھر کھانا کھا اور عشاء کی نماز پڑھ کر سو جا۔

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

(۳) درج ذیل فعلوں سے فعل امر کے تمام صیغے لکھئے۔

افعال	فعل امر					
ترکع						
تذهب						
تفهم						
تضرب						
تنصر						
تقتل						

(۴) فعل امر بنانے کا قاعدہ لکھئے۔

(۵) مندرجہ ذیل افعال کی مدد سے جملے بنایئے:

كل : ....

اذهب : ....

اقرأ : ....

اقرئ : ....

اجلسي : ....

اذهبا : ....

اعبدوا : ....

اركعن : ....

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

توضا : ....

أکرمي : ....

احفظن : ....

(۶) فعل مضارع کے درج ذیل صیغوں پر غور کیجئے اور پھر اس سے فعل امر کے صیغے بنائیے:

تنصروا : ....

تذھبون : ....

تقرئین : ....

تقتلن : ....

تضربان : ....

تضربین : ....

تسمعون : ....

تاکلون : ....

ترکعان : ....

تجلسین : ....

تفتحان : ....

تأمرون : ....

(۷) فعل امر کی تعریف مثال کے ساتھ لکھئے۔

❖❖❖❖❖❖❖

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

العفلُ النهى

لَاتَضحَكْ	لَاتَعبُدْ	لَاتُشْرِكْ	لَاتَجعَلْ
لَاتَكذِبْ	لَاتَلعَبْ	لَاتَاكُلْ	لَاتكسِيرْ
	لَاتَترُكْ	لَاتَذهَبْ	

أَيُّهَا الوَلَدُ الصَّغِيرُ! لَا تَذهَبْ إِلى الاَسوَاقِ كلَّ وَقتٍ، وَلا تَضِعْ وَقتَكَ الثَّمِيْن - فَانَ الوَقتَ اَثمنُ مِن الذَّهبِ وَالفِضَّةِ- وَلَا تَذهَبْ إِلى المَدرسَةِ بِالتَّاخيرِ وَلَاتَكسَلْ فِى القرَاْةِ وَالكِتَابةِ لأَنَّ العِلْمَ نُورٌ مِن نُورِ اللهِ وَلَاتَمْشِ فِى الطَّرِيقِ مَرحاً فَانَّ اللهَ لَايُحِبُّ المُتَكَبِّرِيْن - وَلَا تَضحَكْ عَلى احدٍ لاَنَّ مَن ضَحَكَ ، ضُحِكَ- وَلَاتَمزَح دَائِماً لأَنَّ كَثرةَ المِزاحِ تُمِيتُ القَلبَ وَتُشقِى الجُبَيْنَ - وَلَاتَكذِبُوا فَاِنَّ الكِذبَ خَصلَةٌ مَذمُومَةٌ وَعادَةٌ سَيِّئَةٌ وَقَالَ نَبِىُّ اللهِ صَلى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم ايةُ المُنَافِقِينَ ثلاثٌ، اِذَا حَدَّثَ كَذَبَ- وَلا تَقرَوا وَقتَ

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

اَللَّعِبُ وَلَاتَلْعَبُوا وَقْتَ الْقِرَاءَةِ ۔ وَلَاتُشْرِكُوا بِاللّٰهِ لِأَنَّ الشِّرْكَ ظُلْمٌ عَظِيْمٌ ۔ وَلَاتَعْبُدُو الشَّيْطَانَ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۔ لَاتَعْبُدُوا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَلَاتَجْعَلُوا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهاً آخَرَ۔

حل لغات

لا تضحك	:	مت ہنس
لا تشرك	:	مت شریک ٹھہرا
لا ترك	:	مت چھوڑ
لا تكذب	:	جھوٹ مت بول
لا تضع	:	مت ضائع کر
اثمن	:	بہت زیادہ قیمتی
لا تكسل	:	مت سستی کر
لا تمش	:	مت چل
مرحاً	:	اکڑ کر
لايحب	:	نہیں پسند کرتا ہے
لاتمزح	:	مت مذاق کر
تميت	:	مردہ کردیتا ہے
تنشى	:	پیدا کرتا ہے

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

جبن	:	بزدلی
حدث	:	بیان کیا
عدو	:	دشمن
مبین	:	کھلا ہوا

یاد رکھنے کی باتیں

نہیں کے معنی ہیں کسی کام سے منع کرنا۔

جس فعل سے کسی کام کی ممانعت معلوم ہو، اسے فعل نہیں کہتے ہیں۔ جیسے لا تــکــتــب (مت لکھ)، لاتکذب (جھوٹ مت بول)

فعل نہی بھی فعل مضارع حاضر سے بنتا ہے۔ مضارع کے شروع میں لا (نہی) بڑھا دیا جائے۔

لا نہی فعل مضارع کے آخر میں جزم دیتا ہے اور نون اعرابی کو گرا دیتا ہے جبکہ نون ضمیر باقی رہتا ہے۔

گردان	صیغہ	معنی	کیفیت
لاتکذب	واحد مذکر	تو ایک مرد جھوٹ مت بول	آخر کو جزم ہوا
لا تکذب	تثنیہ مذکر	تم دو مرد مت جھوٹ بولو	نون اعرابی گر گئی
لا تکذبوا	جمع مذکر	تم سب مرد جھوٹ مت بولو	" " "
لا تکذبی	واحد مؤنث	تو ایک عورت مت جھوٹ بول	" " "
لا تکذبا	تثنیہ مونث	تم دو عورتیں مت جھوٹ بولو	" " "
لاتکذبن	جمع مونث	تم سب عورتیں جھوٹ مت بولو	نون ضمیر باقی رہی

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

مشق

(۱) درج ذیل سوالوں کے عربی میں جواب دیجئے۔

۱- اتذهب الى السوق كل يوم ؟

۲- اى شئ اثمن من الذهب والفضة؟

۳- اتصل الى المدرسة بالتاخير؟

٤- من يضحك عليه ؟

٥- اى شئى يميت القلب؟

٦- اى شئى عادة مذمومة؟

۷- اتلعب وقت القراءة ؟

۸- من العدوا المبين للانسان ؟

(۲) عربی میں ترجمہ کیجئے۔

- شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔
- شیطان کی پرستش مت کرو۔
- ہرگز جھوٹ نہ بولو۔
- کیوں کہ جھوٹ ایک بری عادت ہے۔
- پڑھنے لکھنے میں سستی مت کرو۔
- ماں باپ کی نافرمانی مت کرو۔

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

- زمین پر اکڑ کر مت چلو۔
- اللہ کے ساتھ کسی کو شریک مت کرو۔

(۳) درج ذیل فعلوں سے فعل نہی کے تمام صیغے لکھیے۔

افعال	فعل نہی					
تاكل						
تترك						
تشرك						
تخرج						
ترجع						
تسجد						

(۴) درج ذیل جملوں میں افعال کی شناخت کیجیے:

- عادالطبيب المريض
- اكرم الرجل الضيف
- طبخت المرأة الطعام

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

- لا تمش فی الطریق مرحاً
- لا تذهب الی المدرسة بالتاخیر۔
- یشفی الله المریض۔
- اذکرو الله کثیراً۔
- اقرأ باسم ربك الذی خلق۔
- یا مریم اقنتی لربك واسجدی وارکعی مع الراکعین۔
- لا تقربا هذه الشجرة فتکونا من الظالمین۔

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

الدرس – ٣

المجرد والمزيد فيه

الثلاثي للمجرد

فرح يفرح	نصح ينصح	دعا يدعو
ذهب يذهب	علم يعلم	نقض ينقض

الثلاثي لمزيد فيه

اكرم يكرم	قوم يقوم	انكسر ينكسر
استمع يستمع	تعلم يتعلم	باعد يباعد

ذهب حامدٌ إلى وَلاية أُترابراديش ليتعلَّم العُلُوم الدِّينيّة ، وَالْتحق بدار العلوم الاسلامية ـ بديو بند فرأى هناك جِداراً يُرِيْدُ أن يَنقضَّ فقوَّمَه هو وأصْدِقَاله ـ وَلمّا علم العميدُ شَجّعَهُمْ وَدَعَالهُمْ بالنّجاح ـ وَلم يَزَلْ حَامدٌ يَجْتَهِد في القِراءة حَتّى اِنعَقَدتِ الامتِحَانَاتِ السَّنَوِيَّةُ ففاز فيها بالدرجة العُلْيا ففرح به الاساتِذةُ وَالتَّلامِيذُ وَاكرمُوه وَاعطاه العَمِيْدُ جَائزة ثمينةً فتبسَّمَ حَامِدٌ وَشَكرَ لَهُمْ ـ وَشكَرالله ، ولكنْ كانَ في دار العلوم طالبٌ

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

اسمُہٗ مَحمود بدأ یحسُدُ حامداً فقَاطعَهٗ وَبَاعدَهٗ عن الْمَجالَسةِ وَالْمُواكَلةِ وَالْمُحَادثةِ ۔ فَلَما بَلغَ الاستَاذ امرَ هُما ، دعَا هُما ونَصَح محمودا وقال له ، ان تَجْتَهِد فِی القِراَة وَالْكِتَابةِ كما يَجْتَهِدُ حَامدٌ حَتى تَنجح نَجَاحَة ۔ فتأثر محمود بكلامِ الأستاذِ وَنَدِمَ على فِعلِه۔

حل لغات:

قوم	:	اس نے سیدھا کیا
انکسر	:	وہ ٹوٹ گیا
استمع	:	اس نے غور سے سنا
تعلم	:	اس نے سیکھا
باعد	:	ایک دوسرے سے دور رہا
تکاثر	:	اس نے زیادہ چاہا
ولایة	:	صوبہ / ریاست
التحق به	:	داخلہ لیا
جدار	:	دیوار
یدیدان ینقض	:	گرنے والی تھی
العمید	:	پرنسپل
النجاح	:	کامیابی

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

انعقد	:	منعقد ہوا
فاز	:	کامیاب ہوا
الدرجة العليا	:	فرسٹ پوزیشن
اعطى	:	اس نے عطا کیا/دیا
جائزة	:	انعام
قاطع	:	اس نے قطع تعلق کر لیا
المجالسة	:	ساتھ بیٹھنا
المواكلة	:	ایک ساتھ کھانا
المحادثة	:	باہم گفتگو کرنا
ندم	:	وہ شرمندہ ہوا

یادر کھنے کی باتیں:

- ثلاثی مجرد وہ فعل ہے، جس میں حروف اصلی کے علاوہ کوئی زائد حرف نہ ہو۔

جیسے: ضرب يضرب ، سمع يسمع ، نصر ينصر ، كرم يكرم

ثلاثی مزید فیہ وہ افعال ہیں، جن میں حروف اصلیہ کے ساتھ حروف زائد بھی ہوں۔ اس کے چند اوزان ہیں:

(۱) افعل جیسے اكرم يكرم اكراما، اراد يريد ارادة

(۲) فعل جیسے كريم يكرم تكريما، كلم يكلم تكليما

(۳) انفعل جیسے انكسر ينكسر انكسارا، انتهى ينتهي انتهاء

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

(٤) تفاعل جیسے تکاثر یتکاثر تکاثراً ، تنافر یتنافر تنافراً

(٥) تفعل جیسے تأدب یتادب تادباً ، تعلیم یتعلم تعلما

(٦) افتعل جیسے اجتهد یجتهد اجتهاداً، اجتنب یجتنب اجتنابا

(٧) استفعل جیسے استنصر یستنصر استنصاراً، استخلف یستخلف، استخلافا۔

مشق

(۱) درج ذیل سوالوں کے عربی میں جواب لکھیے۔

١- الی ای ولایة ذهب حامد؟

٢- بایّ مدرسة التحق؟

٣- من قوم الجلدر؟

٤- لماذا شجعه الاستاذ؟

٥- أکان حامد تلمیذا مجتهداً؟

٦- بای درجة فاز حامد فی الامتحان السنوی؟

٧- لماذا حسده محمود؟

٨- من باعد حامدا عن المجالسة؟

٩- لماذا نصح الاستاذ محموداً؟

١٠ أرجع محمود عن فلعه؟

(۲) عربی میں ترجمہ کیجیے

○ حامد نے اتر پردیش کا سفر کیا۔

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

الدرس - ٤

الحروف الناصبة والجازمة

الحروف الناصبة:	أَنْ	لَنْ	كَيْ	إِذَنْ
الحروف الجازمة:	إِنْ	لَمْ	لما	لام الامر
	لا۔ النهی			

كنتُ اريدُ ان ابنى بيتاً جديداً لَاسكنَ فيه لانّنى لم املكْ بيتاً فاستشرتُ صديقاً وقلتُ له عندى خمسونَ الف روبيةٍ فاجاب: انَّكَ لَن تستطيعَ ان تبنى بيتاً يشتمل على ثلثِ حجراتٍ حتّىْ تملك مائة الفِ روبيةٍ على الاقلّ۔ فقلت له: لم اكُنْ املكُ هذا المبلغ فساذهبُ الى اخيْ لَاجدَ خمسين الف روبية۔ فقال الصديقُ اذن يمكِنُ لَكَ بناءُ البيتِ۔ فسافرتُ الى اخى كى اجدَ مرامى۔ فاعان اخى ووجدتُ المبلغ المطلوب فرجعتُ واشتريتُ اللَّبِنَ والاشياء الأخرى الضرورية للبناء واستأجرتُ الأجراء والعُمّالَ۔ فاشتغلوا اياماً عديدة حتى تم البناءُ فشكرتُ اللّٰه وخررْتُ ساجداً وقلتُ: ذالك فضل اللّٰه يؤتيه من يشاءُ۔

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

حل لغات:

أبني	:	میں تعمیر کرتا ہوں، کروں گا یا کروں
المبلغ	:	رقم، مال
أسكن	:	میں رہتا ہوں، رہوں گا
اللّبن	:	اینٹ
استشرت	:	میں نے مشورہ مانگا
الأجراء	:	مزدور (واحد اجیر)
عمال	:	مزدور (واحد عامل)
صديق	:	دوست
عديدة	:	چند
مأة ألف	:	ایک لاکھ
تم	:	پورا ہوگیا
على الأقل	:	کم سے کم
خررت ساجدًا	:	سجدہ میں گر پڑا
مرام	:	مقصد، مراد
يؤتي	:	وہ دیتا ہے
أعان	:	اس نے مدد کی

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

یاد رکھنے کی باتیں:

مضارع کو نصب دینے والے پانچ حروف ہیں:

۱-أن : یہ حرف مضارع کو مصدر کے معنی میں کرتا ہے
جیسے : احب ان تقوم ، ای احب قیامك

۲- لن : یہ حرف مضارع کو نفی تاکید مستقبل کے معنی میں کرتا ہے جیسے لن افعل ۔

۳- کی : یہ حرف سبب بتانے کی غرض سے آتا ہے جیسے: اسلمتُ کی ادخل الجنة

٤- اذن : یہ حرف جزا اور جواب کے لئے مضارع مستقبل کے ساتھ آتا ہے
جیسے: اسلم اِذن تدخل الجنة۔

٥- ان مقدرہ (پوشیدہ) یہ چھ مقام پر آتا ہے۔

۱- حتیٰ کے بعد جیسے سرتُ حتی ادخل المدینة۔

۲- لام کی کے بعد جیسے سرتُ لا دخل المدرسة۔

۳- لام جحد کے بعد جیسے ماکان الله لیعذبهم ۔

٤- اس ف کے بعد جو امر کے بعد آئے جیسے زرنی فاکرمك۔

٥- اس و کے بعد جو امر کے بعد آئے جیسے اسلم وتسلم ۔

٦- اس اَو کے بعد جو الی ان یا الا اَن کے معنی میں ہو جیسے لالزمنك او تعطینی حقی ۔

• مضارع کو جزم دینے والے پانچ حروف ہیں:

۱- لم : یہ فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور اس کو ماضی مطلق منفی کے معنی میں کرتا ہے۔
جیسے لم یلد ولم یولد۔

۲- لمّا : یہ فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور زمانہ حال تک کی نفی کرتا ہے

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

جیسے: لما یفعل (اس نے اب تک نہیں کیا)

۳- لام امر: یہ فعل مضارع کے غائب اور حاضر کے صیغوں پر داخل ہوتا ہے اور اخیر کو جزم کر دیتا ہے جیسے لینفق ذو سعة من سعته (چاہیے کہ وسعت والے اپنی وسعت سے خرچ کریں)

٤- لا، نھی: یہ مضارع پر داخل ہوتا ہے اور مخاطب سے کسی کام کے نہ کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔ جیسے: لا تنهر (تو مت جھڑک)

٥- ان شرطیة: یہ دو فعلوں پر داخل ہوتا ہے اور دونوں کو جزم کر دیتا ہے۔ ان میں سے ایک کو شرط اور دوسرے کو جزا کہتے ہیں۔ جیسے ان تذهب أذهب (اگر تو جائے گا تو میں بھی جاؤں گا)

مشق

(ا) درج ذیل سوالوں کے عربی میں جواب دیجیے۔

١- من اراد ان یبنی بیتاً جدیداً؟

٢- ممّن استشار؟

٣- کم ربیّة کانت لازمة لبناء البیت؟

٤- من اشتغل ببناء البیت ؟

٥- بکم یوماً تم البناء؟

٦- ممّن اخذ بقیة المبلغ؟

٧- أتحبُّ أن یبنی الله لك بیتاً فی الجنة؟

٨- اتعمل لذالك؟

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

(۲) درج ذیل جملوں کی عربی بنائیے۔

- ○ میرے پاس پچاس ہزار روپے ہیں۔
- ○ تمہارے پاس کتنا روپیہ ہے؟
- ○ میرے پاس ایک قلم اور پنسل ہے۔
- ○ کیا یہ نئی کتاب تمہاری ہے۔
- ○ نہیں یہ زینب کی ہے۔
- ○ مزدوروں نے گھر کی تعمیر میں محنت کی۔
- ○ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔
- ○ یہ میرے رب کا فضل ہے۔
- ○ یہ مکمل دس ہے۔

(۳) ان کتنی جگہوں پر مقدر ہوتا ہے مع مثال لکھیے۔

(۴) درج ذیل الفاظ کے معنی بتائیے اور انہیں اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ کوئی حرف ناصب آجائے۔

الفاظ	معنی	جملے
اللَّبَنُ	....	....
الصدیق	....	....
الاخری	....	....

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

استأجر	....	....
حجرة	....	....
يستطيع	....	....
المطلوب	....	....
ساجداً	....	....

(۵) پانچ جملے ایسے لکھیے جن میں حروف جازمہ کا استعمال ہو۔

(۶) فعل مضارع کو جزم دینے والے کتنے اور کون کون حروف ہیں؟

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

الدرس — ٥

اَلْمَفَاعِيلُ الْخَمْسَةُ

ذَهَبَ حَامِدٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ وَدَخَلَ الصَّفَّ وَقَرَأَ الْكُتُبَ وَكَتَبَ الدُّرُوسَ وَحَفِظَهَا وَلَمْ يَزَلْ يَجْتَهِدُ حَتَّى نَجَحَ فِي الْإِمْتِحَانِ السَّنَوِي بِالدَّرَجَةِ الْعُلْيَا فَأَعْطَاهُ الْعَمِيدُ جَائِزَةً ثَمِينَةً فَسُرَّ سُرُوراً وَتَهَلَّلَ وَجْهُهُ بِشْراً وَرَجَعَ إِلَى الْبَيْتِ مَسَاءً وَأَخْبَرَ أَبَوَيْهِ عَنْ نَجَاحِهِ فَصَنَعَتْ أُمُّهُ لَهُ طَعَاماً شَهِيًّا وَاشْتَرَى أَبُوهُ دَرَّاجَةً تَشْجِيعاً لَه ، وَقَالَ لَهُ : كَفَتْكَ وَأَخَاكَ مَحْمُوداً هٰذِهِ الدَّرَّاجَةُ وَتَشَجَّعَ حَامِدٌ وَلَمْ يَزَلْ يَجْتَهِدُ حَتَّى بَرِعَ فِي عُلُومٍ مُخْتَلِفَةٍ وَصَارَ حَدِيثَ الْمَجَالِسِ وَطَارَ صِيتُهُ فِي أَنْحَاءِ الْعَالَمِ وَالنَّاسُ يَسْتَشِيرُونَهُ فِي أُمُورِهِمْ وَذٰلِكَ فَضْلُ اللهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ ـ

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

حل لغات:

اعطی	:	اس نے دیا
العمید	:	پرنسپل
جائزۃ	:	انعام
ثمینۃ	:	قیمتی
سُرّ سرورا	:	بہت خوش ہوا
تهلل وجهه بشرا	:	خوشی سے اس کا چہرہ کھل گیا
مساءا	:	شام کو
اخبر	:	اس نے خبر دی
صنعت	:	اس نے بنائی
شهيا	:	خریدار۔
دراجة	:	سائیکل
كفت	:	وہ کافی ہوئی
برع	:	ماہر ہوا
صار حديث المجالس	:	چرچا ہونے لگا
طار صيته	:	اس کی شہرت پھیل گئی
انحاء	:	چاروں طرف (واحد: نحو)
يستشيرون	:	وہ سب مشورہ چاہتے ہیں
فضل	:	مہربانی

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

یاد رکھنے کی باتیں

مفعول کی پانچ قسمیں ہیں:

۱) مفعول بہ : یہ وہ اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے: ضربت زیداً

۲) مفعول مطلق : یہ وہ مصدر ہے جو فعل کے بعد آئے اور اس کا مادہ فعل کا ہم معنی ہو جیسے: ضربت ضرباً۔

۳) مفعول فیہ : وہ زمان یا مکان، جس میں فعل واقع ہو جیسے صمت یوم الجمعة دخلت الدار۔

۴) مفعول لہ : وہ اسم ہے جو فعل کے سبب کو بتائے جیسے ضربتہ تادیباً (میں نے اس کو ادب سکھانے کیلئے مارا)

۵) مفعول معہ : وہ اسم ہے جو واؤ (بمعنی مع) کے بعد واقع ہو اور مصاحبت کو بتائے جیسے: کفاك وزیداً درهم۔

مشق

(۱) درج ذیل جملوں کی عربی بنایئے۔

- شاگرد نے اسباق کو لکھا اور ان کو یاد کیا۔
- میرے استاد نے مجھے ایک قلم انعام میں دیا۔
- اس کا چہرہ مارے خوشی کے کھل گیا۔
- سعید کو گھر لوٹا۔
- اس کے والد نے اس کی ہمت افزائی کے لئے ایک سائیکل خریدی۔
- زید اور محمود کے لئے ایک کمرہ کافی ہے۔
- لوگ اسلم سے مشورہ طلب کرتے ہیں۔

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

- اس کی شہرت چاروں طرف پھیل گئی۔
- کیا تم پڑھنے لکھنے میں محنت کرتے ہو؟
- محنت ہی سے اچھی کامیابی ملے گی۔

(۲) درج ذیل سوالوں کے عربی میں جواب دیجئے۔

١- من فاز بالدرجة العليا ؟

٢- اىّ شئى اعطاه العميد ؟

٣- لماذا فرح التمليذ؟

٤- متىٰ رجع الى بيته ؟

٥- ماذا طبخت امه له ؟

٦- كيف برع التلميذ فى العلوم المختلفة؟

٧- من كان يستشيره؟

٨- هل كانت الدراجة له فقط ؟

٩- هل أنت مجتهد فى القراءة والكتابة؟

١٠- هل اعطاك احد جائزة؟

(۳) سبق کو غور سے پڑھیے اور اس میں آئے ہوئے مفاعیل کی شناخت کر کے ان کا اپنی کاپی میں لکھئے۔

(۴) درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے اور انہیں اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

الفاظ	معنی	جملے
تهلّل	....	....
صباحاً	....	....
نجاحٌ	....	....
شهيّاً	....	....
صيت	....	....
العالم	....	....
فضلٌ	....	....
يستشير	....	....

(۵) مفعول بہ اور مفعول لہ کے درمیان پائے جانے والے فرق کو بتایئے اور اس کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

(۶) مفعول فیہ اور مفعول معہ میں کیا فرق ہے مثال دے کر بتایئے۔

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

الدرس-٦

الاسم التفضيل

اصغر	انفع	اعلم	اصدق	احسن
احب	الذ	احلى	الاكرم	اعلم

العلمُ انفعُ من اللّعبِ

الأُستاذُ أعلَمُ من التّلميذِ

اَلقمَرُ اَصغَرُ مِنَ الشّمسِ

ءَأنتُم اَعلَمُ اَمِ اللّهِ

زيدٌ اَحسَنُ مِنكَ

مَنْ اَصدقُ مِنَ اللّهِ قيلاً؟

اَيُّ شئٌ الَذُّ اليك،اللّحم اَم السّمكُ؟

اَيُّ شئٌ اَنفعُ ، اللّبَنُ اَم الشّاى؟

اى شئٌ اَحلىٰ، التُّفاحُ اَم البُرتقالُ؟

اَصدَقُ الكِتابِ ، كتابُ اللّهِ

اَحسَنُ الهَدْيِ، هَدْىُ محمد صلّى اللّه عَلَيهِ وسَلّم

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

حل لغات :

اصغر : زیادہ چھوٹا

اکبر : زیادہ بڑا

اعجب : زیادہ تعجب خیز

اصدق : زیادہ سچا

احسن : زیادہ محبوب

اعلم : زیادہ جاننے والا

اجمل : زیادہ خوبصورت

احمد : زیادہ قابل تعریف

احلی : زیادہ میٹھا

اعذب : زیادہ شیریں

افضل : زیادہ افضل، عمدہ

الذ : زیادہ لذیذ

اکرم : زیادہ کرم کرنے والا

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

یاد رکھنے کی باتیں:

- اسم تفضیل ایسا اسم ہے جو دوسروں کے مقابلہ معنی کی زیادتی کو بتلائے۔ اس کا استعمال مقابلہ کے طور پر ہوتا ہے جیسے: حامد افضل من محمود
- اسم تفضیل کا استعمال تین طرح سے ہوتا ہے

(۱) مِن کے ساتھ جیسے: خالد اعقل من ماجد، انگریزی میں اس کے لئے Comparative Degree ہے۔

(۲) اضافت کے ساتھ جیسے افضل القوم جالد، انگریزی میں اس کے لئے Superlative Degree آتا ہے۔

(۳) ال کے ساتھ جیسے: محمد الاکرم

(۴) اسم تفضیل کی گردان

افضل ، افضلان ، افضلون ، افاضل ، فضلی ، فضلیان ، فضلیات

(۵) درج ذیل سوالوں کے جواب عربی میں دیجئے۔

۱- من اعلم ؟ الاستاذ ام التلمیذ

۲- ای شئ انفع ؟ العنب ام الرمان

۳- ای شئ احلی ؟ العسل ام الحلوی

٤- هل القمر اکبر من الشمس ؟

٥- الیس العلم اصغر من اخیك ؟

٦- أ انت اصغر من اخیك؟

۷- هل التین الذ من الانبج؟

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

٨- من احبُّ الی والدیك؟

٩- هل الفتنة اكبر من القتل ؟

(٢) عربی بنایئے:

- کون زیادہ جاننے والا ہے، اکبر یا خالد؟
- آگ دھوپ سے زیادہ گرم ہے۔
- آپ مجھ سے اچھے ہیں
- روزہ بہتر ہے عبادت
- جھوٹ سب سے بری بات ہے
- ادب بہترین خصلت ہے
- لوہا پتھر سے زیادہ سخت ہے
- رسول اللہ ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ سچے تھے۔
- حضرت عمرؓ سب سے انصاف ور خلیفہ تھے۔

(٣) درج ذیل عبارتوں کا ترجمہ کر کے اسم تفضیل کی نشاندہی کیجیے۔

- واحسن ، منك لم ترقط عین ۔
- واجمل منك لم تلد النساء
- اشد الناس عقوبة المشركون
- اقوی الناس علی بن ابی طالب
- واحیاهم عثمان بن عفان

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

(۴) درج ذیل افعال سے اسم تفضیل بنائیے اور انہیں اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

افعال	اسم تفضیل	جملے
یعلم		
یصدق		
ینفع		
یعدل		
یحمد		
یرحم		
یحلو		

https://www.studiestoday.com

https://www.studiestoday.com

الدرس-٧

حروف الاستفهام

أ	هل	ما	من	اين	متىٰ	كيف

هل انت مسلم؟	نعم ! انا مسلم
هل انت كبير ؟	لا ، انا صغير ، لا كبير
من انت؟	انا ولد
ما هذا ؟	هذا قلم
أهذا قلم ؟	نعم ! هذا قلم
اين الكعبة؟	الكعبة في مكة
